سوال

(119) وہ لوگ جن کو روزہ چھوڑنے اجازت ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وہ لوگ جن کے لیے روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے مثلاً عمر رسیدہ مرد و عورت اور ایسا مریض جس کے شفایاب ہونے کی امید نہ ہو۔ ایسے لوگوں کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ کیا روزہ نہ رکھنے کے عوض انہیں فدیہ دینا ہوگا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص بڑھاپے کی وجہ سے یا کسی ایسی بیماری کی وجہ سے جس شفایاب ہونے کی امید نہ ہو، روزہ رکھنے پر قادر نہ ہوا سے ہر دن کے بدلے بصورت استطاعت ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہوگا جیسا کہ صحابہ کرام رضوان اللہ عنھم اجمعین کی ایک جماعت جن میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ہیں۔ کا فتویٰ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

صفحہ: 201

محدث فتویٰ